الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name : **Waqas**		Serial No : **17478**		MODE: **Regular**
Address : **Helsinki Finland**		Date : **10/28/2012**		
Subject : **JAIZ-NAJAIZ**		Contact No:		
Writer : محمد احسان		Email :		

Bimillah irheman nirrahim ,
Aoa , maine borrow ke barreih me pochna thaa kee maine phara hai ke jis kisi ke upper borrow ho or woh maar jaye to woh woh maaf nai hota actually mere upper govt ka borrow hai maine kisi time me kuch loan liye thee or pay nai kar sakka to kia muje ye pay karna hai or agr na kar sakka too kia hoga plzz is ka jawab dejiye . or muje ye pochna thaa kee ma idher ki life se bhout tang huu ma 1 almee deen banna chahta huu is kelie muje kia karna hoga . ma tariq jameel sahab ko sunta huu or us kii baateih dil pr lagti hai agar app unse kabbi bii mille to meri taraf se unhe Salam dijeyga or app sab mere lie dua kar de ke Allah meri pareeshaniyon ko khatam karreih . waiting for ur replay . fi Amman ullah

Allah Hafiz

مجھے قرض کے بارے میں پوچھنا ہے کہ میں نے سنا ہے کہ جس کے ذمہ قرض ہو اور وہ مر جائے تو قرض معاف نہیں ہوتا۔ دراصل میرے ذمہ گورنمنٹ کا قرض ہے میں نے کسی وقت قرض لیا تھا۔ اور ادا نہ کر سکا تو کیا مجھے یہ ادا کرنا ہوگا۔ اور اگر ادا نہ کر سکا تو کیا ہوگا۔؟ اور یہ کہ میں یہاں کی زندگی سے بہت تنگ ہوں اور میں ایک عالم دین بننا چاہتا ہوں۔ اس کیلئے مجھے کیا کرنا ہوگا۔؟

الجواب حامداً ومصلیاً

قرض کسی فرد، ادارے یا گورنمنٹ سے لیا گیا ہو۔ چونکہ یہ حقوق العباد سے متعلق ہے۔ اس لئے اس کی ادائیگی یا صاحب حق سے معافی ضروری ہے۔ اس لئے سائل پر لازم ہے کہ وہ فوری طور اپنے اس قرض سے نجات کی فکر کرے۔ اس کے بعد اگر اس کے حالات اس بات کی اجازت دیں کہ وہ علوم دینیہ حاصل کر سکے تو بلاشبہ اور ضرور کرے۔ مگر اس سے پہلے اپنے قریب کسی دینی ادارے کے منتظمین سے ملاقات کر کے طریقہ کار سمجھ لے اور پھر اپنے احوال کو دیکھ کر فیصلہ کرے۔

فی السنن الترمذی: عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:
نفس معلقۃ بدینہ حتی یقضی عنہ (جلد ۱ ص ۲۰۶) واللہ اعلم بالصواب

محمد احسان عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی۔
یکم رمضان المبارک ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵/۹/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۶ رمضان ۱۴۳۳

دار الافتاء
۱۲۴۲۸
۹/۱۴۳۳ھ

نائب رئیس

18/7/13